© rasailojaraid.com

میں دیا گیا ہے ۔

---

**حرمتِ متعہ** از شیخ الحدیث مولانا محمد علی جانباز ۔ صدر مدرس ، جامعہ ابراہیمیہ ۔ ناصر روڈ سیالکوٹ ۔ ناشر : جامعہ ابراہیمیہ کا شعبۂ نشر و اشاعت ۔ قیمت : ۱۲/- روپے

متعہ کے متعلق ایک سوال کا جواب جناب مؤلف کی طرف سے الاعتصام میں شائع ہوا ۔ پھر اس پہ اہلِ تشیع کے حلقے سے مزید بحث جوازِ متعہ پہ اُٹھائی گئی ۔ اس کا مدلل و مفصل جواب اس کتاب میں دیا گیا ہے ۔ بحث کا انداز عالمانہ ہے ۔

---

**THE QURAN......** مؤلف : مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی رحمہ اللہ ۔ انگریزی ترجمہ از ابو اسد ۔ ناشر : اسلامک ریسرچ اکیڈیمی کراچی ۔ ملنے کا پتہ : البدر پبلیکیشنز ۲۳ ۔ راحت مارکیٹ ۔ اُردو بازار ۔ لاہور ۔ قیمت : ۴/- روپے

کتاب کا پورا نام ( THE QURAN DIVINE REVELATION OR FORGERY ? یعنی قرآن خدائی وحی ہے یا انسانی تصنیف ؟ مقصد دراصل مشرکینِ مکہ کے اس باطل خیال کی تردید ہے کہ قرآن ( نعوذ باللہ ) منزل من اللہ نہیں بلکہ داعیٔ قرآن ( صلی اللہ علیہ وسلم ) کا من گھڑت ہے ۔ اس کے جواب میں مولانا مودودیؒ نے خود قرآن کی طرف سے دیئے گئے دلائل کو اپنے حسنِ بیان کے ساتھ پیش کیا ہے ۔ یہ بحث دراصل " سیرتِ سرورِ عالم " حصہ دوم کے باب ۶ کی فصل ۳ سے اخذ کردہ ہے ۔

---

**ماہنامہ " اخبار اُردو "** مدیر مسئول میجر آفتاب حسن ۔ مدیر اعزازی ڈاکٹر معین الدین عقیل ۔ ناشر : مقتدرہ قومی زبان ۔ ۴۳ ڈی ، بلاک ۷ ، گلشنِ اقبال ، کراچی ۴۷ ۔ قیمت بہت ارزاں ہے یعنی ایک روپیہ فی شمارہ اور دس روپے سالانہ ۔

مقتدرہ قومی زبان کا مقصد انگریزی کے بجائے اُردو زبان کو عدالتی ، دفتری ، پارلیمانی ، کاروباری اور تعلیمی سرد ائرے میں قومی زبان کی حیثیت عملاً دلوانا ہے ۔ یہی مقصد اخبار اُردو کا بھی ہے ۔ تعریف کا مقام ہے کہ اخبار اُردو کو اعلیٰ درجے کے مفکرین کی تائید اور اچھا لکھنے والوں کا تعاون حاصل

© rasailojaraid.com